سوال

منی 'مذی 'پشاب کے قطروں سے لباس کی پاکی

جواب

مجھے بعض اوقات چلتے پھرتے اور بھاری کام کے وقت پشاب کے قطرے خارج ہوتے ہیں ۔ اس کے علاوہ کوئی شہوانی خیال سے مذی یا ودی بھی خارج ہوجاتی ہے ۔ ایسی حالت میں وضو توکیا جاسکتا ہے لیکن کپڑوں کی پاکی کیسے ہوگی ۔ کیونکہ ملازمت کے دوران کپڑے تبدیل نہیں کیئے جاسکتے ۔ میں نے پڑھا ہے کہ ایسی صورت میں صرف گیلا ہاتھ پھیرنے سے یا پانی چھڑکنے سے کپڑے پاک ہوجاتے ہیں ۔ اس کے علاوہ میں نے پڑھا ہے کہ احتلام یا کسی اور صورت میں کپڑوں پر منی لگ جائے تو اس کو دھوئے بغیر صرف کھرچنے سے انہی کپڑوں میں نماز ہوجائے گی ۔ اور بنا کھرچے بھی انہی کپڑوں میں نماز پڑھ سکتے ہیں ۔ اس کی تصدیق کے لئے احادیث بھی بیان کی گئی ہیں جس کا لنک بھی یہاں بھیج رہا ہوں ۔ زیادہ تر منی کا کپڑوں پر نشان ہوتا ہے جیسے چائے وغیرہ کا جو کہ کھرچنے سے کوئی فائدہ نہیں ۔ اسے کے علاوہ اگر لباس کا اتنا حصہ دوھ لیا جائے تو وہ نمایاں اور برا محسوس ہوگا اور با جماعت نماز میں سب کی نظروں میں رہے گا ۔ برائے مہربانی رہنمائی فرمادیں ۔ جزاک اللہ http://islamqa.info/ur/2458